لے کر فیصلہ سنانے تک کی صورت حال، انصاف رسانی کی دستیاب سہولیات اورعوام الناس کی مشکلات، مدعی مدعا علیہ، وکلا، گواہوں کا کردار، پرشکوہ عمارات اور غیر منصفانہ فیصلوں کا تناسب واضح کیا جاتا۔

زیر نظر کتاب میں زیر بحث موضوعات اگرچہ اہم ہیں، لیکن کافی وشافی نہیں ہیں، عدالتی فیصلوں کے حوالے سے کتاب الشہادۃ، کتاب الوکالہ، کتاب الدعویٰ، کتاب الغصب، کتاب الوقف، کتاب المزارعۃ، کتاب البیوع وغیرہ عنوانات کی ضرورت تھی۔

دیباچہ میں ابن الطلاع الاندلسی کی کتاب کے ضمن میں جن امور کی ضرورت ظاہر کی گئی ہے (دیباچہ ص ۵) عجیب اتفاق ہے کہ وہ کسر یہاں بھی رہ گئی۔ ان پانچ باتوں پر مستزاد مراجع اور مصادر کی سرسری فہرست اور نامکمل حوالے بھی ہیں۔ اصل میں جتنی معیاری چیز ہے اہتمام بھی اسی قدر درکار ہے کہ ''جن کے رتبے ہیں سوا ان کی سوا مشکل ہے''۔

نام کتاب: ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وسلم

مؤلفہ: اہلیہ ڈاکٹر سہراب نور

صفحات: ۵۲۴

قیمت: درج نہیں

ناشر: دارالاشاعت اردو بازار، ایم اے جناح روڈ کراچی،

تبصرہ نگار: ڈاکٹر عبدالحئ ابڑو، (اسلام آباد)

مؤلفہ نے یہ کتاب مرتب کر کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سیرت نگاروں کے لامتناہی سلسلے میں جگہ پالی ہے، کتاب کی تالیف کی وجہ بقول مؤلفہ یہ ہے کہ ''ایک ایسی کتاب سیرت مبارکہ پر مرتب کی جائے جس کا مطالعہ عام مسلمانوں اور کم عمر لڑکوں اور لڑکیوں کے لئے آسان ہو''۔ کتاب کا مواد سیرت کے اردو میں دستیاب، مآخذ اور کتب سے جمع کیا گیا ہے، اور بڑی حد تک اس بات کا اہتمام کیا گیا ہے کہ واقعات مستند ہوں اور ہر بات باحوالہ بیان کی جائے۔ البتہ مآخذ کے حوالہ جات میں تحقیق کے مروّجہ معیار اور اسلوب کو مدنظر رکھا جاتا تو کتاب کی افادیت اور استنادی حیثیت دوچند ہو جاتی۔

حروف خوانی پر خاصی توجہ دی گئی ہے، اس لئے خاص طور پر اردو عبارت میں اغلاط نہ ہونے کے برابر ہیں، البتہ عربی عبارتوں اور جابجا دیئے گئے صلاۃ وسلام اور درود شریف کے صیغوں میں الفاظ و